کلچر از آور پلان (ہمارا منصوبہ ثقافت ہے)
ضلع بریڈ فورڈ کے لیے ثقافتی حکمتِ عملی 2021 تا 2031

ضلع بریڈ فورڈ میں دلچسپ کام ہو رہا ہے۔ ہم ثقافتی حیاتِ نو سے گزر رہے ہیں اور ایک نئے اعتماد اور امید کے ساتھ مستقبل کو دیکھ رہے ہیں۔

ثقافت سب کی زندگیوں میں اہمیت رکھتی ہے۔ اور یہ ضلع میں ہر ایک کی خوش حالی اور خوشی میں پائیدار تعاون کر سکتی ہے۔ یہ خصوصی طور پر اس لیے اہم ہے کیونکہ ہم کووڈ 19 سے نکل رہے ہیں اور باقی یوکے کے قدم سے قدم ملانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

دس میں سے آٹھ لوگوں نے ثقافت کی 'ان کے لیے اہم' کے طور پر درجہ بندی کی ہے
94 فیصد نے کہا کہ ثقافت 'ضلع بریڈ فورڈ کو رہنے کے لیے ایک بہتر جگہ بناتی ہے'
88 فیصد نے کہا کہ یہ 'ان کی بہبود کو بہتر بناتی ہے'

ہم انگلینڈ میں مقامی اتھارٹی کا پانچواں سب سے بڑا علاقہ ہیں اور اگرچہ ہم اپنے کئی مشہور ثقافتی اثاثوں پر فخر کرتے ہیں ہمارے ہاں ثقافتی سرگرمی اتنی متنوع نہیں ہے جتنی اس سائز کے علاقے میں ہونی چاہیے۔ تاریخ بتاتی ہے کہ ہم نے قومی سرمایہ کاری کو اپنی جانب مبذول کرنے میں کم کارکردگی دکھائی ہے اور ہمارے موجودہ اثاثوں میں ہماری تمام متنوع کمیونٹیز کو شامل کرنے کی صلاحیت کم ہے۔

لیکن ہمارے ہاں ترقی اور کامیابی کے لیے منفرد حالات ضرور ہیں:

1. ہمارے ہاں نوجوانوں کی شرح فیصد یورپ میں سب سے زیادہ ہے ضلع کی 30 فیصد سے زیادہ آبادی اس وقت 20 سال سے کم عمر ہے۔ نوجوان کاروباری آبادی مستقبل کی ٹیکنالوجیاں، کاروبار اور نوکریاں پیدا کرتی ہے اور وسیع تر اقتصادی ترقی کو تحریک دیتی ہے۔

2. ہم ایک متنوع شہر ہیں
بریڈ فورڈ جدید برطانیہ کا متنوع چہرہ ہے۔ 2025 تک ہماری آدھی سے زیادہ آبادی دوسرے ورثوں کے ساتھ ساتھ جنوبی ایشیائی، مشرقی یورپی، افریقی، کیریبئن اور عرب ورثوں پر مشتمل ہو گی۔ متنوع ٹیمز زیادہ کامیاب ہوتی ہیں اور ہم اپنے تنوع کی طاقت کو بہتر انداز میں استعمال کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

3. ہمارے پاس ایسے مشہور و معروف ثقافتی اثاثے ہیں جنہیں ہم اس مقصد کے لیے استعمال کر سکتے ہیں

سالٹس مل سے کامن ویلتھ تھیئٹر کمپنی تک، مائنڈ دا گیپ سے لے کر کالا سنگم تک، کلف کاسل سے لے کر امپریشنز گیلری تک، ہماری بنیاد غیر معمولی ہے جس کو ہم اپنے مقصد کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ ہماری سیاحتی معیشت (Visitor Economy) کا 54 فیصد پہلے ہی ثقافت کی وجہ سے ہے۔

4۔ ہمارے ہاں نئے کاروبار شروع کرنے کی ایک طاقتور ثقافت ہے
یہاں ذاتی ملازمت دس سالوں میں 23 فیصد تک بڑھ گئی ہے اور 2017 میں بارکلیز بنک نے ہمیں نیا کاروبار شروع کرنے کے لیے ملک کے بہترین جگہ کے طور پر نامزد کیا تھا۔ ہمارا تخلیقی شعبہ کالجز سے متعلق ہے اور اس نے کووڈ 19 کے خطرے کے دوران ناقابلِ یقین استقلال کا مظاہرہ کیا ہے۔

5۔ ہماری ورثے سے متعلق بہت سی عمارتیں ہیں جو زیادہ استعمال نہیں ہوئیں
بریڈ فورڈ میں بہت سی خوبصورت تاریخی عمارتیں اور ملز نیز بیرونی مقامات ہیں جو ثقافتی سرگرمی کے لیے غیر معمولی مقامات بن سکتے ہیں۔ ملک کے دوسرے حصوں کے مقابلے میں پراپرٹی کی قیمتیں بڑی قابلِ استطاعت ہیں۔

6۔ ہم شمال کے مرکز میں ہیں
ہم شمالی پاور ہاؤس کی روح ہیں۔ ہم نے چینل 4 کی لیڈز میں منتقلی میں کلیدی کردار ادا کیا اور ہماری متنوع نوجوان آبادی کسی بھی ایسے کاروبار کے لیے اثاثہ ہے جو نوجوان، آفاقی شائقین، خصوصاً وہ جو فلم، ٹی وی اور ڈیجیٹل میڈیا میں ہوں، سے متعلق ہو۔

7۔ بریڈ فورڈ شہر کی میٹروپولیٹن ڈسٹرکٹ کونسل قومی رجحانات کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے اور ہمارے آزاد شعبہ فنون، ثقافت و ورثہ میں اس یقین کے ساتھ سرمایہ کاری کر رہی ہے کہ یہ معاشرے میں بہت اچھا کردار ادا کر رہا ہے۔ اس سے متاثر ہو کر نیشنل لاٹری ہیریٹج فنڈ نے سینٹ جارجز ہال میں نیز سابقہ اوڈین سینما جو 2022 میں بریڈ فورڈ لائیو بن جائے گا نے ٹھیک ٹھاک نئی سرمایہ کاری کی ہے۔ اسی اثنا میں آرٹس کونسل انگلینڈ نے کری ایٹو پیپل اینڈ پلیسز میں ہماری کمیونٹیوں اور نوجوان ٹیلنٹ نیز بریڈ فورڈ پروڈیوسنگ ہب پروگرامز کے ساتھ تعاون کیا ہے۔

سوسن ہنچکلف، بریڈ فورڈ شہر کی میٹروپولیٹن ڈسٹرکٹ کونسل کی قائد اور بریڈ فورڈ کلچرل پلیس پارٹنرشپ کی چیئر پرسن

"مجھے کلچر از آور پلان کے قائم ہونے کی بہت خوشی ہے جسے ہمارے ضلع کے لوگوں نے دو سال کے عرصے میں بنایا ہے۔ میں بریڈ فورڈ میں پیدا ہوئی اور پلی بڑھی تھی اور مجھے اس کمیونٹی میں امید اور ولولہ دیکھ کر بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے جس نے مجھے بہت کچھ دیا ہے۔ ایسا نہیں کہ اس پلان میں ہر مسئلے کا حل ہے۔ لیکن اس میں

اگلے دس سالوں کے لیے ایک خواب، دس عزائم اور دس اہداف ہیں جن کا مقصد ثقافت کی بنیاد پر بحالی اور تجدید میں ہماری مدد کرنا ہے۔

ہر دو سال بعد ہمارے ترقی پزیر ثقافتی شعبے کا اجلاس ہو گا۔ اس میں نہ صرف فن کار، کیوریٹرز، ڈیزائنرز، باکس آفس معاون اور کنزرویٹرز ہوں گے بلکہ ڈاکٹرز، ٹیکسی ڈرائیورز، حجام اور فیکٹری کارکن بھی ہوں گے، یعنی ہر وہ شخص جس کی زندگی میں ثقافت کردار ادا کرتی ہے۔

اجلاس میں ہم اپنی ترقی کے بارے میں بتائیں گے اور اپنے اہداف دوبارہ مقرر کریں گے تاکہ پلان کا نیا ایڈیشن تخلیق کیا جائے۔ ہم ضلع میں تخلیقیت کی ہر کسی کو فائدہ دینے کی صلاحیت پر اپنے اجتماعی یقین کا دوبارہ اقرار کریں گے۔ اس لیے اپنی ڈائری میں مئی 2023 کی تاریخ لکھ لیں۔

اپنے اس سفر کے نصف میں ہم 2025 میں یوکے کا ثقافتی شہر (UK City of Culture) بننا چاہتے ہیں۔ یہ اعزاز جیتنے سے ہمارے عزم کو تحریک ملے گی اور بہتر مستقبل کی طرف ہمارا سفر مزید تیز ہو جائے گا۔ لیکن چاہے ہم یہ اعزاز اپنے نام کریں یا نہیں، کلچر از آور پلان قائم و دائم رہے گا اور ہر کسی کے لیے بریڈ فورڈ ضلع کو بہتر، زیادہ تخلیقی، جامع اور کامیاب بنانے میں ہماری رہنمائی کرے گا۔

کووڈ 19 سے نکلنے کے بعد اب وہ قطعی لمحہ ہے جب ہمیں بریڈ فورڈ کی غیر استعمال شدہ تخلیقی صلاحیت کو غیر مقفل کرنا چاہیے"۔

ہمارا خواب

بریڈ فورڈ فن، ثقافت اور ورثے کی نئی تعریف پیش کرے گا جو ہمارے ضلع کا تصور ایسے مقام کے طور پر فراہم کرے گی جو دیدہ و دانستہ طور پر مختلف اور مکمل طور پر متبادل ہے۔ یہ نئے تصورات کو شرمندہ تعبیر کرنے کی سر زمین ہے، جہاں گھر میں اور ہر گلی کے کونے پر تخلیق نظر آتی ہے اور جہاں ہم ہر شخص کی زندگی میں ثقافت کے مثبت اثر کا ثبوت دیں گے۔

2031 تک ہم دیکھنا چاہتے ہیں:

- لوگ بہتر اور زیادہ خوشیوں بھری زندگیاں گزار رہے ہوں، ان کی دماغی صحت، مہارتیں اور نوکریاں بہتر ہوں اور عرصہ حیات پہلے سے طویل ہو
- پھلتا پھولتا، متنوع اور پائیدار ثقافتی اور تخلیقی صنعتی شعبہ جو ضلع کی ترقی پزیر اقتصادی کامیابی میں قائدانہ کردار ادا کرے
- ہمارا ضلع پسندیدہ منزل ہو جہاں لوگ غیر معمولی ثقافتی سرگرمی میں مشغول ہوں اور فن کار غیر معمولی کام تخلیق کریں

ہمارے عزائم

تفریح کرنا

ہم ضلع بھر میں انتہائی مقامی سے لے کر عالمگیر سطح کے غیر معمولی تہواروں اور تقریبات، جشن اور ایک دفعہ منعقد کردہ ایونٹس کا کیلنڈر بنائیں گے۔ ہم دکھا دیں گے کہ کاروبار، تعمیراتی صلاحیت، اجازتیں دینے، جگہیں غیر مقفل کرنے اور سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے بریڈ فورڈ کے دروازے کھلے ہیں۔ ہم اس ضلع کو رہنے کے لیے بہترین جگہ اور قومی و بین الاقوامی ثقافتی تقریبات اور شراکت داریوں کے لیے پسندیدہ میزبان بنا دیں گے۔

+کیس اسٹڈی

تخلیقیت ضلع کے ہر کونے میں پہلے پھولے

شپلی سے لٹل جرمنی، میننگھم سے کیفلی اور بٹرشا سے الکلی تک ہم ہر گلی میں تخلیقی لوگوں کا خیر مقدم کریں گے۔ ہماری ثقافت ہمارے گھروں، ملوں، پہاڑیوں، گلیوں، بازاروں، بنجر زمینوں، کمیونٹی مراکز، لائبریریوں اور پارکوں نیز ہمارے ثقافتی مراکز میں نظر آئے گی۔

+کیس اسٹڈی

بے انتہا مواقع تخلیق کیے جائیں

خاندانوں، اسکولوں، کیریئرز سروس، یونیورسٹیوں اور کالجوں کے ساتھ مل کر ہم نوجوان لوگوں کے لیے منظم تربیت اور ملازمت کے عظیم مواقع پیدا کریں گے۔ ہم تخلیقی کیریئرز کے ممکن ہونے کا ثبوت دیں گے اور ان کی حمایت کریں گے تاکہ نوجوان، باصلاحیت، ڈیجیٹلی مقامی لوگوں کی ساری نسل کو متحرک کیا جائے اور یقینی بنایا جائے کہ وہ ضلع کو مستقبل میں کامیاب بنانے میں قائدانہ کردار ادا کریں۔

+کیس اسٹڈی

بریڈ فورڈ خود کو بہتر طور پر پہچانے گا

ہم فخر کے ساتھ ضلع کی تاریخ اور اپنے ثقافتی ورثے کے تنوع کا اشتراک کریں گے۔ ہماری ثقافت میں دیانتداری اور انصاف ہو گا، ہم نسل پرستی یا امتیاز برداشت نہیں کریں گے اور ضرورت پڑنے پر مشکل گفت و شنید بھی کریں گے، جس میں ہم اپنی کمیونٹیوں کو اعتماد دیں گے، اختلاف کا خیر مقدم کریں گے، لوگوں کو قریب لائیں گے، فخر کی افزائش کریں گے اور دماغی و جسمانی بہبود کو ترقی دیں گے۔

+کیس اسٹڈی

بہتر زندگی گزارنا

ہمارے فنون، ثقافت اور ورثہ ڈسٹرکٹ سٹی آف ریسرچ کا حصہ ہوں گے۔ ہم فن، ثقافت اور ورثے کے ہر کسی کی زندگی پر مثبت اثر کو ثابت کرنے کے لیے بارن ان بریڈ فورڈ کے منفرد ڈیٹا اور بریڈ فورڈ انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ ریسرچ کے ساتھ اپنی شراکت داری کو استعمال کریں گے۔

+کیس اسٹڈی

جو کچھ ہمارے پاس ہے اس کا خوب فائدہ اٹھانا

ہم اپنے موجودہ اثاثوں کو استعمال میں لائیں گے، تاریخی عمارتوں کی تجدیدِ نو کریں گے، اپنے بڑے بازاروں کو دوبارہ تقویت دیں گے، عارضی جگہوں، ہمارے ارضی نظاروں اور شہری نظاروں کا نیا تصور پیش کریں گے۔ پائیداری ہمارا مقصد ہو گی اور ہماری تخلیقیت کا دارومدار دوبارہ استعمال، بہتر استعمال اور تبدیلئ مقصد پر ہو گا نیز ہم یقینی بنائیں گے کہ نئے ثقافتی اثاثے پائیدار ترقی پر مثبت اثرات مرتب کریں۔

+کیس اسٹڈی

ہم جو ہیں اس کا خوب فائدہ اٹھانا

بریڈ فورڈ کے لوگ ہمارا بہترین تخلیقی اثاثہ ہیں۔ ہم ایک متنوع ضلع ہیں اور ہمارے اختلافات ہی ہماری شاندار ثقافت ہیں۔ ہماری ثقافت ہمارے شاندار تنوع کو ظاہر کرے گی اور ہر کسی کے لیے کچھ نہ کچھ پیش کرے گی لیکن ہر ایک کے لیے ایک جیسا نہیں؛ ہر کسی کے لیے ایک جیسی چیز کارآمد نہیں ہو سکتی۔

+کیس اسٹڈی

نیٹ ورک کی صلاحیت

جب ہم اکٹھے کام کریں گے تو ہم انتہائی طاقتور، موثر اور پائیدار ہوں گے۔ وسائل کا اشتراک کر کے ہم اپنے شعبہ جاتی نیٹ ورکس کی تعمیر کریں گے اور انہیں تنوع دیں گے۔ تخلیقی کمیونٹی ہونے کے ناطے ہم سامان، علم اور مہارتوں کا اشتراک کر کے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون، حمایت اور تربیت کریں گے۔ ہم جامعیت، ٹیلنٹ، شرکت اور شائقین کو پروان چڑھانے کے لیے مل کر کام کریں گے۔ ہم ثقافت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، ضلع کا ہر ایجنڈا یقینی بنائیں گے، صحت سے لے کر منصوبہ بندی تک، تعلیم سے لے کر ٹرانسپورٹ تک۔

+کیس اسٹڈی

سوچ کی اونچی اڑان

ہم بہادری سے کام کریں گے اور نئے کاروبار شروع کریں گے نیز ہم اپنے تخلیقی شراکت داروں کی حوصلہ افزائی کریں گے کہ وہ ضلع بھر میں حوصلہ مندی سے کام کریں۔ ہم ثقافت کو پروان چڑھانے کے لیے سازگار ماحول تخلیق کریں گے اور زیادہ کام اور نوکریاں پیدا کریں گے۔ بریڈ فورڈ بصیرت افروز پراجیکٹس، شراکت داریوں اور قومی و غیر ملکی تعاونات کے لیے سازگار جگہ ہو گی۔

+کیس اسٹڈی

ہم اپنی ذاتی کہانی سنائیں گے

ہم دنیا کو ضلع کے ناقابلِ یقین لوگوں اور امتیازی جگہوں کے بارے میں نئی کہانیاں سنائیں گے۔ ثقافت ہمارے ضلع کی پائیدار تجدید میں قائدانہ کردار ادا کرے گی اور علاقائی و قومی ہمسایوں کی نظر میں ہمارا نیا تصور قائم کرے گی۔ ہم یوکے کے ثقافتی شہر کے اعزاز کے حصول کی کوشش کریں گے اور اپنے عالمی نیٹ ورکس کو علاقائی، قومی اور بین الاقوامی ثقافتی منزل بنائیں گے۔

+کیس اسٹڈی

ہمارے اہداف

اپنی ترقی کی پیمائش کے لیے ہمارے دس اہداف ہیں۔ ہم:

- بریڈ فورڈ کے نصاب کو مل کر وضع کر کے ضلع کے پرائمری عمر کے ہر بچے کو ضلع کی کہانی سیکھنے کا موقع دیں گے
- فنون، ثقافت اور ورثے کی سرگرمی اور شراکت داریوں کی تعداد، اسکیل اور عزائم کو بڑھا کر ضلع میں 3000 نوکریاں پیدا کریں گے اور سیاحوں کی تعداد اور خرچ بڑھائیں گے
- کیپیٹل پراجیکٹس کو انجام دیں گے جن سے ضلع کے ثقافتی اور ورثہ جاتی اثاثوں کی تعمیرِ نو کریں گے، ان کا نیا تصور پیش کریں گے اور نیا مقصد دیں گے
- قابلِ موازنہ علاقوں میں قومی سرمایہ کاری فی کس میں اضافہ کریں گے
- 17 یو این سسٹین ایبل ڈیویلپمنٹ گولز (ترقی کے پائیدار اہداف) کو اختیار کریں گے تاکہ نہ صرف کاربن میں کمی بلکہ مساوات، بہتر نوکریوں، اچھی تعلیم، بہبود اور غربت میں کمی کے حوالے سے اپنی کامیابی کی پیمائش کریں
- ضلع کے 70 فیصد لوگوں کو باقاعدگی سے فنون، ثقافت اور ورثے کی سرگرمیوں میں مشغول کریں گے
- ضلع کے انتہائی پسے ہوئے وارڈز میں رہنے والے 25000 لوگوں کو فنون، ثقافت اور ورثے کی سرگرمیوں میں مشغول ہونے کا موقع دیں گے
- یقینی بنائیں گے کہ 70 فیصد لوگ 'ضلع میں اور جہاں وہ رہتے ہیں اس کے قرب و جوار میں فراہم کردہ ثقافتی سرگرمیوں کی رینج سے مطمئن' ہوں (2021 میں 50 فیصد) اور یہ کہ 80 فیصد لوگ محسوس کریں کہ بریڈ فورڈ کی ثقافت میری اور میری زندگی کی نمائندگی کرتی ہے' (2021 میں 50 فیصد)
- بریڈ فورڈ کی 50 فیصد تخلیقی افرادی قوت، شائقین اور ثقافتی قیادت کو ان لوگوں میں سے نکالیں گے جن کی اس وقت ثقافتی اور تخلیقی صنعتی شعبوں میں کم نمائندگی ہے
- مقامی، قومی اور بین الاقوامی اہمیت کے حامل اعلی قسم کے تہوار اور تقریبات تخلیق کریں گے تاکہ ضلع بریڈ فورڈ کو یوکے سٹی آف کلچر 2025 قرار دیا جائے

ہم کون ہیں

کلچر از آور پلان ہمارے ضلع بھر میں جاری و ساری گفت و شنید ہے۔ اب تک لگ بھگ 3000 لوگوں نے شرکت کی ہے۔ ہم ہر اس شخص کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے جس نے اس میں براہ راست شرکت کی ہے، جس نے گفت

و شنید کے گروپ میں شرکت کے لیے اپنا وقت اور توانائی صرف کیے ہیں، کوئی سروے پُر کیا ہے یا اپنے ذاتی تخلیقی کام کا اشتراک کیا ہے۔

بریڈ فورڈ کلچرل پلیس پارٹنرشپ نے بریڈ فورڈ کونسل اور آرٹس کونسل انگلینڈ کے مالی تعاون سے کلچر از آور پلان کا اجرا کیا ہے۔ اس شراکت داری کی چیئر پرسن کونسلر سوسن ہنچکلف ہیں اور ارکان میں ضلع میں بنیادی اسٹریٹجک ثقافتی نئے کاموں کے قائدین نیز خود مختار شعبہ فنون، ثقافت اور ورثے کے نمائندے شامل ہیں:

- بریڈ فورڈ یونیورسٹی
- بریڈ فورڈ کالج
- دی کری ایٹو پیپل اینڈ پلیسز پروگرام، دی لیپ، جس کی قیادت بریڈ فورڈ انسٹیٹیوٹ برائے ہیلتھ ریسرچ کرتا ہے
- بریڈ فورڈ پروڈیوسنگ ہب
- یونیسکو سٹی آف فلم
- بریڈ فورڈ کلچرل ایجوکیشن پارٹنرشپ
- آرٹس کونسل انگلینڈ
- نیشنل لاٹری ہیریٹیج فنڈ

کلچرل وائس فورم، جو ہمارے ضلع میں فنون، ثقافت اور ورثے کے شعبے میں کام کرنے والے ہر شخص کے لیے دستیاب نیٹ ورک ہے، نے آزاد شعبے کے نمائندوں کو نامزد کیا ہے۔ یہ 250 سے زیادہ لوگوں کو اکٹھا کرتا ہے تاکہ شعبے کے علم، تجربے اور موقع کا اشتراک کیا جائے۔